رہبر معظم سے شہید قشقائی کے اہل خانہ کی ملاقات - 19 /Feb/ 2012

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کے ساتھ آج (بروز اتوار) شہید مصطفی احمدی روشن کے ساتھی اور ہمکارشہید رضا قشقائی کے اہلخانہ نے عاطفی اور معنوی ماحول میں ملاقات کی۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے اس ملاقات میں معظم و محترم شہیدوں کے اہلخانہ کے صبر و استقامت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فرمایا: یہ عزیز اور فداکار جوان ان ستاروں کی مانند ہیں جن میں سے ہر ایک ایران کی عظیم قوم کی کامیابی کے آسمان پر درخشاں ہے۔ اس ملاقات میں شہید قشقائی کے فرزند نے تحریری بیان پڑھ کر اپنے احساسات اور جذبات کو پیش کیا۔